## حیسکو پریس ریلیز مورخہ :31.01.2022

# چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نوراحمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔خصوصی ریکوری ٹیموں کی نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف حیسکو ریجن کے حیدرآباد، ٹنڈو آدم، کوٹری، سجاول، ماتلی، ٹنڈوالہیار، چمبڑ و دیگر علاقوں میں کارروائیوں میں 760 بجلی چوروں کے کنکشن کاٹے اور نادہندگان کے 373 کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں، اور بجلی چوری کی روک تھام کیلئے 1000 بجلی کنکشنوں کی سیکیورنگ بھی کی گئی۔حیسکو ترجمان

☆ حیدرآباد(　　　)حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نوراحمد سومرو کی ہدایات ہیں سب سے پہلے عوام ہمیں عوام کی Care کرنی ہے ، کیونکہ حیسکو کا ہر ملازم اور صارف حیسکو کا محافظ ہے، بجلی چوری کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، نادہندگان سے واجبات کی 100% سے زائد وصولی کرنا ہمارا مقصد ہے۔تفصیلات کے مطابق خصوصی ریکوری ٹیموں نے حیدرآباد کے میران محمد شاہ اور سٹیزن کالونی سب ڈویژن کے علاقوں کیٹل کالونی، زیل پاک کالونی، گلشن مصطفیٰ، شہباز ٹاؤن، قاسم ٹاؤن، بھٹائی ٹاؤن و دیگر علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 931 بجلی کے کنکشن چیک کیئے جس میں سے 135 کنکشن ڈائریکٹ PVC کے ذریعے چلائے جارہے تھے، کنکشن منقطع کرکے، تاریں ضبط لیں اور نادہندگان کے 46 بجلی کے کنکشن منقطع کرکے 356 بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ بھی کی گئی، آپریشن سب ڈویژن ٹیاری میں کارروائی کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 93 کنکشن کاٹے اور واجبات کی عدم ادائیگی پر 55 نادہندگان کنکشن منقطع کردیئے ہیں اور 112 کنکشنوں کی سیکیورنگ بھی گئی، آپریشن سب ڈویژن سانگھڑ میں میں 77 بجلی کنکشنوں کی سیکیورنگ کرکے، کارروائی کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 97 کنڈہ کنکشن منقطع کرکے تاریں ضبط کرلی ہیں، اور نادہندگان کے 49 کنکشن منقطع کیئے گئے۔آپریشن سب ڈویژن کوٹری کی بہار کالونی، خورشید کالونی اور مل ایریا کے گردونواح میں کارروائی کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 112 کنڈہ کنکشن منقطع کرکے تاریں ضبط کرلی ہیں اور 141 بجلی کے میٹروں کو گھروں سے بجلی کے کھمبوں پر سیکیور کرکے لگایا گیا ہے، اور نادہندگان کے 63 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں۔آپریشن سب ڈویژنوں سجاول اور ماتلی کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیوں میں مجموعی طور پر بجلی چوری میں ملوث 89 کنڈہ کنکشن منقطع کرکے تاریں ضبط کرلی گئیں، اور نادہندگان کے 41 کنکشن منقطع کردیئے گئے اور 70 کے قریب بجلی کی میٹروں کی سیکیورنگ بھی کی گئی ہے، مزید براں ٹنڈو آدم میں بجلی چوروں کے 95 کنڈہ کنکشن منقطع کیئے گئے اور نادہندگان کے 35 کنکشن منقطع کیئے اور 132 بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ بھی کی گئی، چمبڑ سب ڈویژن کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران بجلی چوروں کے 84 اور نادہندگان کے 31 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، اور 53 بجلی کنکشنوں کے میٹروں کی سیکیورنگ بھی کی گئی ہے، ٹنڈوالہیار سب ڈویژن کو گردونواح کے علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 55 اور نادہندگان کے 25 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، اور 60 بجلی کنکشنوں کے میٹروں کی سیکیورنگ بھی کی گئی ہے واضح رہے کہ حیسکو چیف نے کہا کہ بجلی چوروں کو کسی بھی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔خصوصی ریکوری ٹیموں کی پورے حیسکو ریجن میں ان کارروائیوں کو مزید تیز کردیا گیا ہے۔بجلی چوروں کا خاتمہ اور واجبات کی ادائیگی لازمی کرائیں، کیونکہ حیسکو کمرشل ادارہ ہے جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا، بجلی چوری میں ملوث کسی بھی فرد کو نہیں معاف کرسکتے چاہے وہ حیسکو ملازم ہی کیوں نہ ہو، اس کے خلاف کارروائی مکمل کی جائے گی۔واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کریں تاکہ بجلی کی فراہمی مسلسل میسر ہوسکے۔آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو۔



حیدرآباد: حیسکو چیف نوراحمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں